## برطانیہ میں الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ سادگی سے منائی گئی

## افطار ڈنر کی تقریب میں ایم کیو ایم کے ذمہ داران، کارکنان اوران کے اہل خانہ کی بڑی تعداد میں شرکت

## سالگرہ کی مناسبت سے گیت گائے گئے، پرجوش کارکنان کا والہانہ رقص اور فلک شگاف نعرے

لندن ۔۔۔18، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 55 ویں سالگرہ برطانیہ میں بھی سادگی سے منائی گئی۔اس سلسلے میں ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں بدھ کی شام خصوصی تقریب منعقد ہوئی۔تقریب میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا اور جناب الطاف حسین کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا۔جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریب میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان طارق میر،سلیم شہزاد، طارق جاوید، آصف صدیقی، محمد اشفاق، جاوید کاظمی، مصطفیٰ عزیز آبادی اور قاسم علی رضا کے علاوہ ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے اراکین، شعبہ خواتین کی ارکان، ایم کیو ایم یو کے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، ایم کیو ایم لندن، مانچسٹر، برمنگھم، شیفیلڈ اور برطانیہ کے دیگر شہروں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے اپنے اہل خانہ کے ہمراہ بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب میں خواتین اور بچے بھی بڑی تعداد میں شریک تھے۔اس موقع پر تقریب کے شرکاء نے جناب الطاف حسین کو ان کی 55 ویں سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش کی اوران کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔تقریب میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن مصطفیٰ عزیز آبادی، ایم کیو ایم لندن یونٹ کے کارکن عادل ہاشمی، محترمہ راحت آصف صدیقی اور سابق رکن قومی اسمبلی محترمہ طاہرہ آصف نے جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی مناسبت سے تنظیمی ترانے اور نغمے پیش کیے جبکہ صبا آصف صدیقی نے ڈھولک اور مشہور کی بورڈ پلیئر محمد آصف نے کی بورڈ پر اپنے فن کا مظاہرہ کر کے خوبصورت سماں باندھ دیا اور تقریب کے شرکاء سے داد وتحسین وصول کی۔تقریب میں شریک ایم کیو ایم کے کارکنان کا جوش وخروش قابل دید تھا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے پرجوش کارکنان نے جناب الطاف حسین سے اپنی والہانہ عقیدت ومحبت کا اظہار کیا اور فلک شگاف نعرے لگائے جس کا سلسلہ وقفہ وقفہ سے جاری رہا۔جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان اور ایم کیو ایم کے مختلف یونٹوں کے کارکنان نے مختلف دھنوں پر رقص بھی کیا۔تقریب کا سلسلہ رات گئے تک جاری رہا۔

## اندرون سندھ میں بھی الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کی تقریبات

## اسیروں اور مریضوں کو پھول، پھل، کھانا اور مٹھائی پیش کی گئی، بکروں کا صدقہ دیا گیا

## مختلف زونوں میں شعبہ خواتین کے تحت یاسلام کا ورد

کراچی ۔۔۔18، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 55 ویں سالگرہ کی خوشی میں اندرون سندھ بھی میں ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے اسپتالوں اور جیلوں کے دورے کیے جبکہ مریضوں اور اسیروں کو کھانا پھل، پھول اور مٹھائی پہنچائی گئی۔مختلف زونوں کے تحت جناب الطاف حسین کی صحت وعافیت کیلئے بکروں کا صدقہ دیا گیا جبکہ ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے تحت یاسلام کا ورد بھی کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ایم کیو ایم کی زونل کمیٹی کے ارکان، منتخب ڈسٹرکٹ، تعلقہ اور یوسی ناظمین پر مشتمل کمیٹیوں نے سکھر، سانگھڑ، میرپورخاص، نواب شاہ، ٹنڈوالہیار، بدین، لاڑکانہ، ٹھٹھہ، دادو، عمرکوٹ، جامشورو، خیرپور، کشمور، جیکب آباد، شکارپور، گھوٹکی، قمبر شہدادکوٹ، نوشہروفیروز اور حیدرآباد کے اسپتالوں اور جیلوں کے دورے کئے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مریضوں اور اسیروں کی خیریت دریافت کی۔اس موقع پر انہوں نے جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی خوشی میں مریضوں اور اسیروں کو پھل، پھول، کھانا اور مٹھائی پیش کی اور انہیں جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی مبارکباد بھی پیش کی۔جناب الطاف حسین کی سالگرہ کے موقع پر مختلف زونوں کی جانب سے جناب الطاف حسین کی درازی عمر، صحت وعافیت، سلامتی اور ناگہانی آفات سے ان کے تحفظ کیلئے بکروں کے صدقے بھی دیئے گئے۔جبکہ حیدرآباد، جامشورو، ٹنڈوالہیار، میرپورخاص، ٹنڈوآدم، نواب شاہ، شہدادپور، ٹنڈوجام اور ٹنڈو محمد خان میں ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے تحت جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت یابی کیلئے یاسلام کے ورد کا اہتمام بھی کیا گیا۔

## سینٹرل جیل کراچی میں الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریب

## رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل اور لیگل ایڈ کمیٹی کی شرکت

کراچی ۔۔۔18، ستمبر 2008ء۔۔۔سینٹرل جیل کراچی میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی 55 ویں سالگرہ کی تقریب منعقد ہوئی اور اسیر کارکنان کی جانب

سے جناب الطاف حسین کی سالگرہ کے کیک کاٹے گئے ۔تقریب میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی، رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل اورایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے ارکان نے بھی شرکت کی ۔اس موقع پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر سینٹرل جیل کراچی کے اسیروں کوافطاری اور کھانا پہنچایا گیا۔ جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی خوشی میں جیل میں اسیر ایم کیوایم کے کارکنان کی جانب سے جیل میں خصوصی انتظامات کیے گئے تھے جبکہ پھانسی گھاٹ، بی کلاس اور دیگر وارڈوں کوتنظیمی پرچم اور رنگ برنگی جھنڈیوں سے سجایا گیا تھا۔اسیر کارکنان نے جناب الطاف حسین کوان کی سالگرہ کی دلی مبارکباد پیش اوران کی درازی عمر اورصحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی ۔

## مدینہ منورہ میں الطاف حسین کی سالگرہ کی منفرد تقریب
## مسجد نبویؐ کے صحن میں زائرین کیلئے افطار کا اہتمام

مدینہ منورہ۔۔۔18،ستمبر2008ء۔۔۔محبان پاکستان مدینہ منورہ یونٹ کے زیراہتمام ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ منفرد انداز میں منائی گئی اوراس سلسلے میں مسجد نبویؐ کے صحن میں افطار کا اہتمام کیا گیا۔افطار میں محبان پاکستان کی سینٹرل کمیٹی کے ارکان اورمدینہ منورہ یونٹ کمیٹی کے ارکان اور کارکنان کے علاوہ عمرے پرآنے والے زائرین نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر شرکاء نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اورصحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں اورمحبان پاکستان کے ذمہ داران کو جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی مبارکباد پیش کی ۔

## ایم کیوایم کی پی آئی بی سیکٹر کے تحت الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے بکروں کا صدقہ دیا گیا

کراچی۔۔۔18،ستمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ کے سلسلے میں ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کے جانب سے قائدتحریک الطاف حسین کی درازی عمر کیلئے بکروں کا صدقہ دیا گیااورقرآن خوانی کی گئی۔قرآن خوانی کے اجتماع میں پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کے انچارج وارا کین سمیت حق پرست یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین،کونسلرز،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان، ہمدردوں اورحق پرست ماؤں بہنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اورصحت وتندوستی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔

## کورنگی کے کارکن محمد سلیم کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18،ستمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن محمد سلیم کے والد اللہ نور کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگورلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے اورسوگواران صبرجمیل دے۔(آمین)

## آزادکشمیر میں الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ منائی گئی

مظفرآباد۔۔18ستمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی 55ویں سالگرہ ملک کے دیگر حصوں کی طرح آزادکشمیر میں بھی منائی گئی اورایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے ایک دوسرے کو جناب الطاف حسین کی سالگرہ پر مبارکباد دی۔اس موقع پر ایم کیوایم آزادکشمیر کے انچارج ملک تنویر نے مظفرآباد کے غلام عباس انسٹی ٹیوٹ اسپتال کا دورہ کرکے مریضوں سے ملاقات کی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کی خیریت دریافت کی اورمریضوں میں پھل اور پھول کے تحائف پیش کیے۔اس موقع پر ایم کیوایم کے علاقائی ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔اسی طرح آزادکشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے ضلع میرپوراورآرگنائزنگ کمیٹی کے رکن اقبال فاروقی ایڈوکیٹ نے ضلع کوٹلی کے مقامی اسپتال کا دورہ کرکے مریضوں کی خیریت دریافت کی اورانہیں جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆☆☆